رہبر معظم کی موجودگي میں حضرت فاطمہ زہرا (س) کی یاد میں مجالس عزا - 6 /May/ 2011

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگي میں پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کی لخت جگر حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کی شب شہادت کی مناسبت سے مجلس عزا منعقد ہوئیـ

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں حضرت فاطمہ (س) کی یاد میں مجالس عزا کا سلسلہ بدھ سے آغاز ہوا ہے جس میں ملک کے اعلی حکام اور عوام کے مختلف طبقات نے شرکت کی اور اہلبیت علیہم السلام کے خطیبوں اور مداحوں نے بی بی دوعالم ، ام الائمہ حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کے فضائل اور مصائب بیان کئےـ

حسینیہ امام خمینی (رہ) میں مجالس عزا کا سلسلہ اتوار کی شب18 اردیبہشت مطابق 8 مئی تک جاری رہےگاـ